بیوی کے پاس آنے سے پہلے کی دُعا:

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ جَنِّبْنَا الشَّيْطَانَ

اللہ کے نام کے ساتھ ، الٰہی! ہمیں شیطان مردُود سے بچا اور

وَجَنِّبِ الشَّيْطَانَ مَا رَزَقْتَنَا ①

جو (اولاد) تو ہمیں عطا فرمائے اسے بھی شیطان سے بچا

غصہ آجانے کے وقت کی دُعا:

② اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ

میں اللہ کی پناہ میں آتا ہوں شیطان مردُود سے۔

مصیبت زدہ کو دیکھنے کے وقت کی دُعا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا

ہر قسم کی تعریف اس اللہ کے لیے ہے جس نے مجھے اس چیز سے عافیت دی جس میں

---

① ﴿بخاری: ٦/ ١٤١، مسلم: ٢/ ١٠٢٨﴾

② ﴿بخاری: ٧/ ٩٩، مسلم: ٤/ ٢٠١٥﴾

ابْتَلَاكَ بِهِ وَفَضَّلَنِي عَلَىٰ كَثِيرٍ

تجھے مبتلا کیا ہے اور اس نے مجھے (اپنی) بہت سی مخلوق پر

مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِيلًا ﴿۱﴾

فضیلت عطا فرمائی۔

مجلس کے دوران دُعاء

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا بیان ہے کہ ایک ہی مجلس میں اُٹھنے سے پہلے رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم سے ایک سو دفعہ (یہ کہتے ہوئے) گِن لیا جاتا۔

رَبِّ اغْفِرْلِيْ وَتُبْ عَلَيَّ إِنَّكَ أَنْتَ

اے میرے ربّ! مجھے معاف فرما اور میری توبہ قبول فرما، بے شک تو ہی

التَّوَّابُ الْغَفُوْرُ ﴿۲﴾

بہت توبہ قبول کرنے والا انتہائی معاف کرنیوالا ہے۔

﴿۱﴾ ترمذی: ۵/۴۹۴- ۴۹۳ اور دیکھئے صحیح الترمذی: ۳/۱۵۳

﴿۲﴾ ترمذی وغیرہ اور دیکھئے صحیح الترمذی: ۳/۱۵۳ اور صحیح ابن ماجہ: ۲/۳۲۱ لفظ ترمذی کے ہیں